## طالبان صوبہ سرحد کی طرح پنجاب پر بھی قبضہ کرنا چاہتے ہیں۔ الطاف حسین

## جب تک میں زندہ ہوں پنجاب پر طالبان کا قبضہ نہیں ہونے دوں گا

## طالبان پاکستان کی مسلح افواج سے برسرپیکار ہیں اور وہ اپنی دہشت گردی کے ذریعے پاکستان کو توڑنا چاہتے ہیں

## لاہور، لودھراں، فیصل آباد، رحیم یار خان اور مظفر گڑھ میں ایم کیو ایم کے ضلعی عہدیداروں سے ٹیلیفون پر علیحدہ علیحدہ گفتگو

لندن۔۔۔5 مئی 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کہا ہے کہ طالبان صوبہ سرحد کی طرح پنجاب پر بھی قبضہ کرنا چاہتے ہیں لیکن جب تک میں زندہ ہوں پنجاب پر طالبان کا قبضہ نہیں ہونے دوں گا۔ انہوں نے یہ بات پنجاب کے صوبائی دارالحکومت لاہور، لودھراں، فیصل آباد، رحیم یار خان اور مظفر گڑھ میں ایم کیو ایم کے ضلعی عہدیداروں سے ٹیلیفون پر علیحدہ علیحدہ گفتگو کرتے ہوئے کہی۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ طالبان صوبہ سرحد کے بڑے بڑے شہروں پر قبضہ کرنے کے ساتھ ساتھ اب پنجاب میں بھی داخل ہوچکے ہیں اور وہ پنجاب پر بھی قبضہ کرنا چاہتے ہیں اور جس طرح وہ صوبہ سرحد میں ماؤں بہنوں کو ظلم وبربریت کا نشانہ بنارہے ہیں، لڑکیوں کے اسکولوں، کالجوں اور سرکاری املاک کو تباہ کررہے ہیں اسی طرح وہ پنجاب میں بھی ماؤں بہنوں کی عزت وحرمت کو پیروں تلے روندنا چاہتے ہیں اور لڑکیوں کے اسکولوں کو تباہ کرنا چاہتے ہیں۔ طالبان پاکستان کی مسلح افواج سے برسرپیکار ہیں اور وہ اپنی دہشت گردی کے ذریعے پاکستان کو توڑنا چاہتے ہیں۔ جناب الطاف حسین نے پنجاب کے ضلعی عہدیداروں سے کہا کہ ہمیں پاکستان کو بچانا ہے اور اپنی ماؤں، بہنوں اور بیٹیوں کو درندہ صفت طالبان کی بربریت سے بچانا ہے۔ اس موقع پر تمام ضلعی عہدیداروں نے جناب الطاف حسین کو یقین دلایا کہ وہ پاکستان کی سلامتی اور طالبانائزیشن کے عفریت سے ملک کو بچانے کیلئے ہر طرح سے ان کے ساتھ ہیں، وہ ہر طرح کی قربانیاں دینے کیلئے تیار ہیں لیکن وہ پنجاب پر طالبان کا قبضہ کسی بھی صورت میں نہیں ہونے دیں گے۔

## اے این پی کی پوری قیادت کو چوڑیاں پہن کر گھروں میں بیٹھ جانا چاہیے۔ الطاف حسین

## اے این پی کی قیادت صوفی محمد کے اعلانات کے خلاف کوئی جراتمندانہ موٴقف اختیار نہیں کرسکی

## غیرت مند پختون اپنے آپ کو اے این پی سے علیحدہ کرکے باچہ خان کے جراتمندانہ فلسفہ کی تکمیل کیلئے اپنا علیحدہ گروپ بنائیں

لندن۔۔۔5 مئی 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے عوامی نیشنل پارٹی کی پوری مرکزی قیادت کو مخاطب کرتے ہوئے کہا ہے کہ وہ صوفی محمد کے اعلانات اور نظام عدل کی دھجیاں بکھیرنے والے طالبان کے خلاف کوئی بہادرانہ اور جراتمندانہ موٴقف تو اختیار نہیں کرسکے لہٰذا اے این پی کی پوری قیادت کو چوڑیاں پہن کر گھروں میں بیٹھ جانا چاہیے تاکہ جو غیرت مند پختون اے این پی کی بزدلانہ اور شرمناک پالیسیوں کی وجہ سے بدظن اور شدید دکھ وذہنی کرب کا شکار ہوئے ہیں وہ اپنے آپ کو اے این پی سے علیحدہ کرکے باچہ خان کے جراتمندانہ فلسفہ کی تکمیل کی غرض سے کام کرنے کیلئے اپنا علیحدہ گروپ بنائیں اور پختون قوم کی غیرت مندی کو نیلام کرنے والی اے این پی کے مفاد پرستانہ عزائم سے غیرت مند پختونوں کو آگاہ کرسکیں، ایم کیو ایم غیرت مند پختونوں کیلئے آواز اٹھانے والوں کا نہ صرف بھرپور ساتھ دے گی بلکہ ضرورت پڑنے پر جان کی قربانی دینے سے بھی دریغ نہیں کرے گی۔ انہوں نے غیرت مند پختونوں کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ اے این پی نے جس طرح پختون قوم کی غیرت وحمیت کا جنازہ نکالا ہے اس پر پوری غیرت مند پختون قوم شرمندہ ہے۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ طالبان سے نظام عدل کا معاہدہ کرکے اے این پی کے رہنماؤں نے سوات، بونیر، دیر اور پورے صوبہ سرحد کے مظلوم پختون عوام کو درندہ صفت طالبان کے رحم وکرم پر چھوڑ دیا ہے اور وہ خود اپنے بڑے بڑے محلوں میں اپنی آل اولاد کے ساتھ مزے کررہے ہیں جبکہ آج طالبان کی دہشت گردی کی وجہ سے وہاں کے ہزاروں غریب ومظلوم اپنے گھروں سے دربدر ہیں اور پختون مائیں، بہنیں، بزرگ اور بچے جس کسمپرسی کا شکار ہیں اس پر میرا دل خون کے آنسو رورہا ہے۔ جناب الطاف حسین نے غیرت مند پختونوں سے اپیل کی کہ وہ اپنے اپنے گروپس بنائیں اور پختونوں کی جراتمندانہ وبہادرانہ روایات کو برقرار رکھنے کیلئے علم جہاد بلند کریں کیونکہ الطاف حسین آج بھی اس بات پر یقین رکھتا ہے کہ غیرت مند پختون، خوشحال خان خٹک مرحومؒ، رحمان باباؒ اور باچہ خان کی تعلیمات پر نہ صرف یقین رکھتے ہیں بلکہ ان کی دی گئی تعلیمات پر اپنی جان بھی قربان کرنے سے دریغ نہیں کریں گے۔

## ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین کا اہل سنت والجماعت کے علماء کو خراج تحسین

لندن،5مئی2009ء

ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین نے اہل سنت والجماعت کی جانب سے تاریخی اجتماع کے انعقاد پر تمام علمائے حق کو زبردست خراج تحسین پیش کیا۔انہوں نے کہا کہ پاکستان میں طالبان کی بڑھتی ہوئی دھشت گردی کے خلاف جس طرح علمائے حق نے آواز بلند کی ہےاس پر ایم کیوایم کے قائد سمیت تمام کارکنان وعوام انکوزبردست خراج تحسین پیش کرتے ہوئے اپنے مکمل تعاون کا یقین دلاتے ہیں۔

## ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین کے کُرم ایجنسی کے تمام حق پرست عوام کو خراج تحسین

لندن،5مئی2009ء

ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین نے فاٹا کے علاقے کُرم ایجنسی کے تمام حق پرست عوام کو حق پرستی کی جدوجہد میں عملی کام کرنے اور حق پرستی کے پیغام کو پھیلانے پر زبردست خراج تحسین پیش کیا۔انہوں نے کہا کہ وہ دن دورنہیں کہ جب کرم ایجنسی کے غریب اور مظلوم عوام حق پرستی کی جدوجہد میں شامل ہوکر اپنے حقوق حاصل کرینگے۔

## ایم کیوایم کے تحت کل پنجاب کے پانچ شہروں میں خواتین کے اجلاس منعقد کئے جائیں گے
## اجلاسوں سے الطاف حسین بیک وقت ٹیلی فونک خطاب کریں گے

لاہور۔۔۔5مئی2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے زیراہتمام کل بروز بدھ صوبہ پنجاب کے پانچ شہروں میں طالبانائزیشن کے موضوع پر خواتین کے اجلاس منعقد کئے جائیں گے جن سے ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین لندن سے براہ راست بیک وقت ٹیلی فونک خطاب کریں گے۔خواتین کے اجلاس شام ساڑھے چار بجے صوبہ پنجاب کے شہر لاہور کے علاقے وفاقی کالونی، فیصل آباد کے علاقے پریس کلب ہال، رحیم یار خان کے علاقے الفلاح ٹاؤن صادق آباد، لودھراں کے علاقے بستی غریب آباد اور مظفر گڑھ کے علاقے ضلع کونسل ہال میں منعقد کئے جائیں گے۔اجلاس میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن ڈاکٹر علی حسین ،ایم کیوایم پنجاب کمیٹی کے ارکان ،ایم کیوایم لاہور، رحیم یار خان، لودھراں، مظفر گڑھ ، فیصل آباد ڈسٹرکٹ کے ذمہ داران، ایم کیوایم پنجاب شعبہ خواتین کی کارکنان اور ہمدرد خواتین شرکت کریں گی۔خواتین کے اجلاسوں سے جناب الطاف حسین بیک وقت ٹیلی فونک خطاب کریں گے۔دریں اثناء ایم کیوایم پنجاب کے تحت خواتین کے اجلاسوں کی تیاریوں کا سلسلہ جاری ہے اور اس سلسلے میں ایم کیوایم کی جانب سے انتظامات کو حتمی شکل دی جارہی ہے۔

## ایم کیوایم بیلجیئم یونٹ کے تحت کل یورپین پارلیمنٹ کے سامنے طالبانائزیشن کے خلاف احتجاجی مظاہرہ کیا جائے گا
## احتجاجی مظاہرہ بیلجیئم کے مقامی وقت کے مطابق دوپہر 2 بجے سے شام چار بجے یورپین پارلیمنٹ کے سامنے ہوگا

برسلز۔۔۔5مئی2009ء

ایم کیوایم بیلجیئم یونٹ کے تحت کل بروز بدھ کو یورپین پارلیمنٹ کے سامنے طالبان کے دہشت گردوں کی جانب سے سوات میں معصوم لڑکی کو سرعام کوڑے مارنے ،خودکش بم دھماکوں اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کے اہلکاروں کے گلے کاٹنے کے واقعات کے خلاف احتجاجی مظاہرہ کیا جائے گا۔یہ احتجاجی مظاہرہ مورخہ 6مئی کو بیلجیئم کے مقامی وقت کے مطابق دوپہر 2 بجے سے شام چار بجے یورپین پارلیمنٹ کے سامنے منعقد کیا جائے گا۔احتجاجی مظاہرے میں ایم کیوایم بیلجیئم یونٹ کی آرگنائزنگ کمیٹی کے ارکان، کارکنان، بیلجیئم میں مقیم ہمدرد پاکستانیوں اور ان کے اہل خانہ شرکت کریں گے۔احتجاجی مظاہرے کے بعد ایم کیوایم بیلجیئم یونٹ کی جانب سے یورپین پارلیمنٹ میں یادداشت بھی جمع کرائی جائے گی۔دریں اثناء ایم کیوایم بیلجیئم یونٹ کے آرگنائزر محمد سلیم نے ایم کیوایم بیلجیئم یونٹ کے ذمہ داران، کارکنان اور حق پرست پاکستانیوں سے اپیل کی ہے کہ وہ یورپین پارلیمنٹ کے سامنے احتجاجی مظاہرے میں بھرپور شرکت کریں۔

## صوبہ سرحد میں پختونوں کی جان ومال کا سودا کرنے والے انسانیت کے سب سے بڑے دشمن ہیں، فیصل سبزواری
## کراچی کے باشعور عوام نے تہیہ کررکھا ہے کہ وہ منشیات فروشوں، لینڈ مافیا اور جرائم پیشہ عناصر کی مذموم کارروائیاں کراچی میں کسی بھی قیمت پر برداشت نہیں کریں گے
## صوبہ سرحد میں غریب پختون عوام کا خون بہانے والوں کے آگے ہتھیار ڈال کر کونسی غیرت وحمیت کا مظاہرہ کیا ہے؟

کراچی۔۔۔5،مئی2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست صوبائی وزیر فیصل سبزواری نے صوبہ سرحد کے وزیر اطلاعات میاں افتخار حسین کے بیان پر تبصرہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ صوبہ سرحد میں پختونوں کی جان ومال اور عزت وآبرو کا سودا کرنے والے انسانیت کے سب سے بڑے دشمن ہیں۔ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے آئینہ دکھانے پر میاں افتخار حسین کا اچھلنا اس بات کا ثبوت ہے کہ غیرت مند پختون عوام اے این پی کی مفاد پرستانہ سیاست سے بیزار ہیں اور اسے پختونوں کے خون کا سودا کرنے والی جماعت سمجھتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ میاں افتخار حسین حقائق منظر عام پر آنے سے بری طرح بوکھلاہٹ کا شکار ہیں اور کھسیانی بلی کی طرح کھمبا نوچ رہے ہیں۔فیصل سبزواری نے کہا کہ میاں افتخار حسین اور ان کی قیادت قوم کو جواب دے کہ انہوں نے صوبہ سرحد میں غریب پختون عوام کا خون بہانے والوں کے آگے ہتھیار ڈال کر کونسی غیرت وحمیت کا مظاہرہ کیا ہے؟انہوں نے کہا کہ صوبہ سرحد میں طالبان کے دہشت گردوں کی جانب سے بے گناہ پختونوں کو بیدردی سے قتل کیا جارہا ہے لیکن اے این پی کی قیادت طالبان کے خلاف صوبہ سرحد میں احتجاجی مظاہرہ کرنے کے بجائے کراچی میں امن وامان کی صورتحال تباہ کرنے کی سازش کررہی ہے۔انہوں نے کہا کہ کراچی میں لینڈ مافیا،منشیات فروشوں اور جرائم پیشہ عناصر کی سرپرستی کرنے والوں کو آئینہ دکھائے جانے پر زمین سے اچھلنے اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کے خلاف بیہودہ زبان استعمال کرنے کے بجائے اپنے سیاہ کرتوتوں پر نظر ڈالنی چاہئے اور بے گناہ پختونوں کے قتل عام پر قوم سے معافی مانگنی چاہئے۔انہوں نے کہا کہ صوبہ سرحد میں پختونوں کی جان ومال اور عزت وآبرو کا سودا کرنے والے انسانیت کے سب سے بڑے دشمن ہیں اور پختون عوام کو ایسے مفاد پرست اور بزدل عناصر سے لاتعلقی کا اظہار کرکے اپنی علیحدہ جماعت بنانی چاہئے۔فیصل سبزواری نے کہا کہ کراچی کے باشعور عوام نے تہیہ کررکھا ہے کہ وہ پختونوں کی جان ومال اور عزت وآبرو کا سودا کرنے والے منشیات فروشوں، لینڈ مافیا اور جرائم پیشہ عناصر کی مذموم کارروائیاں کراچی میں کسی بھی قیمت پر برداشت نہیں کریں گے اور صوبہ سرحد کی طرح کراچی کا امن وسکون غارت کرنے کی ہر سازش کو اپنے اتحاد سے ناکام بنادیں گے۔

## پنجاب کی سول سوسائٹی، خواتین این جی اوز اور تعلیمی اداروں کی طالبات کل پنجاب کے پانچ شہروں میں خواتین کے اجلاس میں بھرپور شرکت کریں، رابطہ کمیٹی
## قائد تحریک الطاف حسین خواتین کے اجلاس میں ٹیلی فونک خطاب کرکے طالبانائزیشن کی سازش اور طالبان کے مذموم عزائم کے حوالہ سے اہم انکشافات ثبوت وشواہد کی روشنی میں کریں گے

کراچی۔۔۔5،مئی2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے صوبہ پنجاب کی سول سوسائٹی، خواتین این جی اوز اور خواتین کے حقوق کیلئے کام کرنے والی دیگر انجمنوں سے پرزور اپیل کی ہے کہ وہ کل بروز بدھ ایم کیوایم پنجاب کے زیر اہتمام لاہور، لودھراں، فیصل آباد، رحیم یار خان اور مظفر گڑھ میں ہونے والے خواتین کے اجلاس میں بھرپور شرکت کریں۔ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے پنجاب کے اسکولوں، کالجوں اور یونیورسٹیوں کی طالبات سے بھی پرزور اپیل کی کہ وہ پاکستان کی سلامتی وبقاء کیلئے اپنی تدریسی مصروفیات سے وقت نکال کر لاہور، لودھراں، فیصل آباد، رحیم یار خان اور مظفر گڑھ میں ہونے والے خواتین کے اجلاس میں شرکت کرکے قائد تحریک جناب الطاف حسین کا فکر انگیز خطاب ضرور سنیں۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین اپنے ٹیلی فونک خطاب میں صوبہ سرحد کے علاوہ صوبہ پنجاب اور دیگر صوبوں میں طالبانائزیشن کی سازش اور طالبان کے مذموم عزائم کے حوالہ سے اہم انکشافات ثبوت وشواہد کی روشنی میں کریں گے۔رابطہ کمیٹی نے صوبہ پنجاب کی حق پرست ماؤں، بہنوں، بیٹیوں اور طالبات سے اپیل کی کہ وہ پاکستان کی بقاء وسلامتی کیلئے اتحاد کا مظاہرہ کریں اور خواتین کے اجلاس میں بھرپور شرکت کریں۔

☆☆☆☆☆